**حضرتِ اکبر کے شب و روز** از محمد رحیم صاحب دہلوی، تقطیع خورد، ضخامت ۲۷۶ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت پانچ روپیہ؛

پتہ: مکتبۂ رضیہ جناح ہاؤس لارنس روڈ۔ کراچی - ۳ -

لائق مرتب جو متعدد کتابوں کے مصنف اور اُردو زبان کے شگفتہ نگار صاحبِ قلم ہیں۔ انھوں نے اس کتاب میں حضرت اکبر الہ آبادی کے خطوط اور تحریروں سے بقیدِ سن و تاریخ مرحوم کے حالات، اور افکار و نظریات اس خوبصورتی سے مرتب اور یکجا کر دئے ہیں کہ گویا حضرتِ اکبر نے اپنا روزنامچہ خود اپنے قلم سے لکھا ہے۔ اس طرح موصوف نے ایک عظیم شاعر اور مفکر کی کہانی خود اُس کی اپنی زبانی سنائی ہے اور اُس پر اپنی طرف سے ایک لفظ کا اضافہ نہیں کیا ہے، البتہ کہیں کہیں کسی نام یا واقعہ کی تشریح حاشیہ میں کر دی ہے!

حضرتِ اکبر کا فقرہ فقرہ پند و موعظت اور علم و حکمت کا گنجینہ ہوتا ہے۔ بھر پوری زندگی میں اُن پر کیا کیا حوادث نازل ہوئے اور اُن کے دل و دماغ نے اُن سے کیا اثر لیا؟ اِس روزنامچہ سے اس پر روشنی پڑتی ہے اس بنا پر تاریخی، سوانحی اور ادبی ہر حیثیت سے اس کتاب کا مطالعہ دلچسپ بھی ہوگا اور مفید بھی!

**امام ابو حنیفہؒ کی تدوینِ فقہ اسلامی**، از ڈاکٹر محمد حمید اللہ۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۶۲ صفحات، ٹائپ جلی۔ قیمت ۱۲ /

پتہ: حبیب اینڈ کمپنی ۶۷۷ اسٹیشن روڈ۔ کیٹل منڈی، حیدر آباد دکن - ۱

یہ ڈاکٹر صاحب کا وہ مشہور و معروف مقالہ ہے جو متعدد بار چھپ چکا اور اربابِ علم میں مقبول ہو چکا ہے اسے فاضل مصنف کی نظر ثانی اور کچھ مزید اضافوں کے ساتھ ازسرِ نو بڑے اہتمام سے شائع کیا گیا ہے۔

چنانچہ "اسلامی فقہ پر رومن لا کا اثر" کے زیرِ عنوان موصوف کا ایک وقیع مقالہ عرصہ ہوا معارف میں شائع ہوا تھا کلاً یا جزاً اُس کو بھی اس میں شامل کر لیا گیا ہے، موجودہ زمانہ میں جبکہ تدوینِ فقہ جدید کا غلغلہ پورے عالمِ اسلام میں بلند ہے۔ اس رسالہ کا مطالعہ ازبس مفید اور بصیرت افروز ثابت ہوگا۔